Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

22نومبر2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قونصل خانے اور USEFP کے زیر اہتمام ٹیلنٹ شو

کراچی۔امریکی قونصل خانے اور 'یونائٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاونڈیشن ان پاکستان' (USEFP) نے عالمی تعلیمی ہفتے کی 15ویں سالگرہ کے موقع پر انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایجوکیشن (IBA) میں طلبا کیلیے ٹیلنٹ شو کا انعقاد کیا۔

عالمی تعلیمی ہفتے کے اختتام پر منعقد ہونے والے اس ٹیلنٹ شو کا نام 'USEFP گاٹ ٹیلنٹ' مشہور امریکی پروگرام 'امریکہ گاٹ ٹیلنٹ' پر مبنی ہے۔16 سے 20 سال کی عمر کے 10 ہزار سے زائد طلبا کو آڈیشنز کیلیے منتخب کیا گیا جنھوں نے گلوکاری، اداکاری اور مقرری میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ججز نے 30 بہترین طلبا کا انتخاب کیا اور جیتنے والے طلبا کو انعامات دیے گئے۔

پروگرام میں شریک طلبا کو امریکہ میں حصول تعلیم کے بارے میں معلومات بھی فراہم کی گئی۔امریکی محکمہ خارجہ اور محکمہ تعلیم ہر سال تعلیمی روابط میں اضافے کیلیے عالمی تعلیمی ہفتے کا انعقاد کرتے ہیں۔

####